مطبوعات

آؤ مدینہ چلیں | مرتبہ: حافظ نذر احمد صاحب

ناشر: مسلم اکادمی، نذر منزل $\frac{29}{18}$ محمد نگر علامہ اقبال روڈ۔ لاہور

صفحات: ۱۰۸ قیمت: -/۲ روپے

زیر نظر کتاب حجاز مقدس کے دس سفر ناموں کا مجموعہ ہے جو کہ دس مختلف علماء اور مشاہیر نے قلمبند کیے تھے۔ ان مشاہیر میں دنیائے اسلام کی بعض نامور شخصیتیں بھی شامل ہیں، مثلاً مولانا سیّد ابوالاعلیٰ مودودی، علامہ محمد اسد، مولینا عبدالماجد دریا آبادی، مولینا نعیم صدیقی۔ یوں تو بازار میں حجاز مقدس کے کئی ایک سفر نامے موجود ہیں لیکن اس سفر نامے کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ قارئین کو ایک ہی مجموعہ میں اس مقدس سفر کے مختلف تاثرات یکجا مل سکتے ہیں۔ یہ کتاب حج اور عمرہ کرنے والوں کے لیے معلومات افزا ہے۔

کتاب کے شروع میں اُن تمام سفر ناموں کا تعارف دے دیا گیا ہے جن میں سے اقتباسات لے کر یہ مجموعہ مرتب کیا گیا ہے تاکہ قارئین اگر تفصیل سے مطالعہ کرنا چاہیں تو انہیں اصل کتب کی تلاش میں آسانی ہو۔

کتاب ۱۰۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ کتابت اور طباعت مناسب ہے۔

اسلامی عینک | جناب زبیر حسن رضوی

ناشر: مکتبہ رازی ۱۱۶۰ - پیر الٰہی بخش کالونی کراچی ۵

قیمت: درج نہیں

اس کتاب کے فاضل مصنف نے مختلف آیات قرآنی اور احادیث کو جس طرح سمجھا ہے اُن کی وضاحت اور تشریح اس کتاب میں کر دی ہے۔ مصنف کو خود اعتراف ہے کہ اس کتاب میں جو کچھ لکھا گیا ہے (باقی بر صفحہ ۴۸)

(البقیہ مطبوعات)

اُن میں سے کوئی چیز بھی اُن کے اپنے ذہن کی پیداوار نہیں بلکہ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودُودی صاحب کی تفہیم القرآن کی مختلف جلدوں کے مطالعہ سے جو کچھ انہوں نے اخذ کیا ہے اسے مختصراً اپنی زبان میں بیان کر دیا ہے۔ کتاب میں مختلف آیات قرآنی کے جو تراجم درج کیے گئے وہ بھی تفہیم القرآن سے نقل کیے گئے ۔

کتاب عام مسلمانوں بالخصوص نوجوان طلبائ کے لیے مفید ہے اور تفہیم القرآن کے بالاستیعاب مطالعہ کی تمہید بن سکتی ہے۔

کتابت اور طباعت گوارا ہے۔

تبدیلیٔ فون نمبر

سابقہ		موجودہ
۵۷۷۰۶	————	۴۱۱۰۱۶
۵۲۵۰۷	————	۴۱۱۰۱۷

ناظم ادارہ ترجمان القرآن اچھرہ ۔ لاہور